PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی کی جانب سے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کا خیرمقدم

- پی سی بی کا آئین 2019 مکمل طور پر نافذ ہوگیا

لاہور،28اگست 2019ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے پی سی بی کے آئین 2019 کو معطل کرنے کی درخواست خارج کرنے کے فیصلے کا خیرمقدم کرتا ہے۔ پی سی بی کا آئین 2019 حکومت پاکستان کی جانب سے 19 اگست کو نافذ کیا گیا تھا۔

بدھ کے روز سماعت کے دوران درخواست گزار کی جانب سے ایک بار پھر پی سی بی کے آئین 2019 کو معطل کرنے کی درخواست کی گئی۔ لاہور ہائیکورٹ نے درخواست گزار کو حکم امتناعی جار ی کرنے سے انکار کرتے ہوئے پی سی بی کو آئندہ سماعت میں اپنا مؤقف پیش کرنے کا نوٹس جاری کردیا ہے تاہم عدالت کی جانب سے آئندہ سماعت کے لیے تاریخ تاحال مقرر نہیں کی گئی۔

عدالت نے پی سی بی الیکشن کمیشن اوربرخاست کیے گئے ملازمین سے متعلق ایک درجن سے زائددرخواستیں بھی خارج کردی ہیں۔

احسان مانی، چیئرمین پی سی بی:

اس موقع پر چیئرمین پی سی بی احسان مانی کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ 2019 کے آئین کو معطل کرنے سے متعلق درخواست کو خارج کرنے پر لاہور ہائیکورٹ کے معزز جج جسٹس شاہد وحید کے فیصلے کا خیرمقدم کرتا ہے۔

احسان مانی نے کہاکہ قومی کرکٹ کے مداح جانتے ہیں کہ عدالت میں دائر درخواست بدنیتی پر مبنی تھی۔ درخواست کا مقصد محض قومی کرکٹ کی سرگرمیاں روکنا تھا۔

چیئر مین پی سی بی نے کہاکہ درخواست گزار نے اپنے ذاتی تحفظ اور مالی فوائد کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔درخواست گزار کی جانب سے دائر کردہ درخواست پی

سی بی کےڈومیسٹک کرکٹ پروگرام 2019-20 پر اثرانداز ہوسکتی تھی۔ پی سی بی کی جانب سے اس چال کو قانونی تقاضوں کے مطابق شکست دی گئی ہے۔ انہوں نے کہاکہ پی سی بی کےڈومیسٹک سیزن 2019-20 کا آغاز 14 ستمبر سے ہوگا۔

احسان مانی نے کہاکہ سیزن 2019-20 پاکستان کرکٹ کے مداحوں کے لیے خوشگوار لمحات لارہا ہے۔ رواں سال پی سی بی کو 3 ایک روزہ اور 3 ٹی ٹونٹی میچوں کے لیے سری لنکا کرکٹ ٹیم کی میزبانی کرنی ہے۔ 27 ستمبر سے شروع ہونے والی سیریز 9 اکتوبر تک جاری رہے گی۔ کرکٹ آسٹریلیا اور انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ کا اعلی سطحی وفدبالترتیب ستمبر اور اکتوبر میں پاکستان کا دورہ کرے گا۔

چیئرمین پی سی بی کا کہنا ہےکہ لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے فیصلے نے تمام ابہام دور کردئیے ہیں۔ پی سی بی ڈومیسٹک سیزن 2019-20 کی تیاریوں کا آغاز جلد کردے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4